10552-اولاد کے ذمہ اپنے والدین پر خرچہ کرنا کب واجب ہوتا ہے ؟

سوال

اولاد پر کب واجب ہوتا ہے کہ وہ اپنے والدین پر خرچہ کرے ؟

پسندیدہ جواب

اقرباء یعنی والدین اور اولاد پر خرچہ کرنے میں اصل اور دلیل قرآن وسنت اور اجماع ہے ۔

کتاب اللہ کے دلائل :

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{اور جن کے بچے ہیں ان کے ذمہ دستور کے مطابق ان کا روٹی کپڑا ہے} البقرۃ (233) ۔

اور ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالی نے کچھ اس طرح فرمایا :

{اور آپ رب صاف صاف یہ حکم دے چکا ہے کہ تم اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرتے رہنا} الاسراء (23) ۔

اور والدین پر ان کی ضرورت وحاجت کے وقت خرچ کرنا بھی احسان میں سے ہی ہے ، اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو ۔

اور اجماع کے بارہ میں ابن منذر رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

والدین اگر فقیر ہوں جن کا کوئی ذریعہ آمدن اور ان کے پاس مال نہ ہو تو اہل علم کا اجماع ہے کہ اس حالت میں اولاد پر واجب ہے کہ وہ والدین پر خرچہ کرے ۔

اور نفقہ اور خرچہ کرنے میں بالجملہ اور بالاتفاق شرط یہ ہے کہ خرچ کرنے والا مالدار اور کشادگی رکھتا ہو اور جس پر خرچ کیا گیا ہے وہ فقیر اور محتاج ہو ۔

واللہ اعلم .